ilmkidunya

# Islamiat - 10th Class Islamiat Chapter 2 Online Test Short Questions Preparation

Q1. فرشتوں کی تخلیق کب ہوئی.

**Ans 1:** اللہ تعالی نے فرشتوں کو حضرت آدم علیہ السلام سے پہلے پیدا فرمایا.

Q2. حشر و نشر کے کیا معنی ہیں.

**Ans 1:** نشر کا معنی موت کے بعد زندہ کرنا جب کہ نشعر کا معنی حساب کے میدان اور پھر وہ جنت و دوزخ کی طرف لے جانا ہے.

Q3. انبیائے کرام علیھم السلام نے لوگوں کو کس بات کی دعوت دی.

**Ans 1:** انبیائے کرام نے لوگوں کو اللہ تعالی کو ایک ماننے اور صرف اسی کی عبادت کرنے کی دعوت دی.

Q4. کون سے بنیادی عقائد تمام آسمانی کتابوں میں موجود رہے.

**Ans 1:** عقیدہ توحید ، عقیدہ رسالت، عقیدہ آخرت سابقہ تمام آسمانتی کتابوں میں موجود رہے ہیں.

Q5. ایمان سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** ایمان سے مراد اللہ تعالی ، فرشتوں ، آسمانی کتابوں ، رسولوں ، قیامت کے دن اور اچھی اور بری تقدیر پر ایمان لانا ہے.

Q6. حج کرنے والا عرفات کے لیے کب روانہ ہو.

**Ans 1:** نو زی الحجہکو نماز فجر کے بعد منیٰ سے عرفات کے لیے روانہ ہوگا.

Q7. نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے حج اور عمرے کیے ہیں.

**Ans 1:** نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حج اور چار عمرے ادا کیے ہیں.

Q8. حج کے دوران کن مناسک کی ادائیگی واجب ہے.

**Ans 1:** وقوف مزدلفہ ، حج کی سعی اور رمی جمرات جیسے مناسک کی ادائیگی واجب ہے.

Q9. منکر نکیر کسے کہتے ہیں.

**Ans 1:** جو فرشتے قبر میں آکر سوال کرتے ہیں ان کو منکر نکیر کہتے ہیں.

---

Q10. مقام محمود سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** دفاعت کبریٰ ہے جو نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات ہے اس شفاعت کا فائدہ پوری انسانیت کو ہوگا کیوں کہ میدان حشر میں حساب کے انتظار کی سختی ختم ہوجائے گی اور حساب شروع ہوجائے گا. اسی شفاعت کو مقام محمود کہتے ہیں.

---